© rasailojaraid.com

"سب رس"

نگراں ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ۔ مدیر صاحبزادہ میر محمد علی میکش طباعت وکتابت عمدہ
تعداد صفحات ۴۰۔ سائز ۲۰×۳۰/۸ ۔

یہ ماہوار رسالہ "ادارہ ادبیات اُردو حیدرآباد دکن" کی طرف سے شائع ہوتا ہے۔ اب تک آٹھ پرچے نکل چکے ہیں۔ اپنے نام کے مطابق اس میں ہر قسم کا مزہ (سب رس) مہیا کرنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ نظم ونثر کے عمدہ عمدہ مضمون اس میں شائع ہوتے ہیں۔ مضمون نگاروں میں قابل خواتین کے نام بھی نظر آتے ہیں۔ اگر "سب رس" خواتین کے ذوق کو ادبِ لطیف اور افسانہ نگاری سے ہٹا کر علمی، معاشرتی اور اخلاقی مضامین لکھنے کی طرف منتقل کر سکے تو ہمارے خیال میں یہ بھی ملک کی ایک بڑی خدمت ہوگی۔ "سب رس" کے مضامین صحت زبان، خیالات کی پاکیزگی، اندازِ بیان کی دلکشی اور معلومات کی فراوانی کے اعتبار سے مطالعہ اور قدردانی کے مستحق ہوتے ہیں۔ اُمید ہے کہ یہ رسالہ ڈاکٹر سید محی الدین صاحب زورؔ۔ ایم۔ اے پی۔ ایچ۔ ڈی ایسے مخلص اور قابل وفاضل ادیب کی نگرانی میں خوب کامیابی حاصل کرے گا۔

اشرف القواعد مولوی محمد یعقوب صاحب شاہجہانپوری نے یہ آسان قاعدہ مسلمان بچوں اور بچیوں کی تعلیم کیلئے مرتب کیا ہے اور اسمیں تعلیم قرآن کے لئے جن قاعدوں کا جاننا ضروری ہے اُن سب کو الگ الگ آسان صورت میں لکھا ہے۔ ہر قاعدہ کے ساتھ اُسکی مشق بھی دی گئی ہے اور اُس کیلئے صرف قرآنی الفاظ کا ہی انتخاب کیا گیا ہے تاکہ بچوں میں شروع سے ہی قرآن خوانی کا ذوق پیدا ہوجائے۔ حروف کی کتابت میں بچوں کی رعایت سے تلفظ کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اور تمام حروف کو اعراب کے ساتھ الگ الگ لکھا ہے۔ یہ قاعدہ حروف تہجی کی شناخت اور تلفظ سکھلانے کے لئے مفید ہے۔

الادب مولوی ضیاء النبی عباسی صاحب فاضل دیوبند کی ادارت میں مدرسہ اشاعت العلوم کانپور سے ہر مہینہ ۲۰×۳۰/۸ کے سائز ۴۴ صفحات پر شائع ہوتا ہے۔ مضامین مذہبی، علمی اور

© rasailojaraid.com

ہی ہوتے ہیں۔ عربی ادبیات کے زیرِ عنوان کوئی عربی نظم۔ یا عربی مضمون ... جو عربی خواں طلبہ کے لئے مفید ہے۔ ضرورت ہے کہ علمائے کرام موجودہ زمانہ کے تقاضات ... کی جدید تحریکات کی حقیقت اور ان کے اثرات و نتائج سے واقف ہو کر جدید قسم کے اصلاحی مضامین لکھنے کی طرف توجہ کریں اور فقہ کی جزئی بحثوں میں پڑ کر اصل کام سے غافل نہوں۔ کہ آج جنگ جمل ... وقت نہیں "بدر و حنین" کا معرکہ گرم ہے۔ ہمیں امید ہے کہ الادب کا ادارہ ہماری درخواست پر توجہ کریگا۔

رسالہ میں زبان کی سلاست اور انداز بیان کی شستگی کا خیال خاص طور پر رکھنا چاہئے قیمت قسم اعلیٰ ۶ قسم اوسط ...

(س)

دعوتِ ذوق

آپ کے علمی اور ادبی ذوق کی تکمیل

صرف ارضِ تاج کے خالص علمی، فنی اور ادبی ماہنامہ

شاعر آگرہ

سے ہو سکتی ہے جو معیار، تنوع، حسنِ کتابت، طباعت، اعلیٰ کاغذ اور گوناگوں رنگینیوں کے اعتبار سے ہندوستان کا واحد ماہنامہ ہے جس کے مضامین ہندوستان کے مشہور رسائل و اخبارات نقل کرتے ہیں جس کی نظمیں ادب کی جان ہوتی ہیں اور جسے ہزار اعلیٰ تعلیم یافتہ حضرات کی سرپرستی حاصل ہے۔ شاعر آٹھ سال سے پابندی وقت کیساتھ ... ضخامت اسی صفحات چندہ صرف تین روپیہ سالانہ نمونہ کے لئے ۴ر کے ٹکٹ آنا ضروری ہیں ناممکن ہے کہ نمونہ دیکھنے کے بعد آپ اس کے خریدار نہ ہو جائیں۔

ناظم مکتبہ قصر الادب دفتر "شاعر" آگرہ

مکتبہ قصر الادب۔ دفتر شاعر آگرہ